بدعات کے خلاف
سو فتوے
اہل سنت میں رائج جاہلانہ رسومات کا رد
امام احمد رضا خان بریلوی
کی تصریحات کی روشنی میں سو فتوے
تالیف
مولانا محمد شہزاد ترابی قادری

اہلسنت میں مروج جاہلانہ رسومات کا رد امام اہلسنت امام احمد رضا کی تعلیمات کی روشنی میں

# بدعات کے خلاف

## امام احمد رضا خان بریلوی کے

# ۱۰۰ سو فتوے

تالیف

مولانا محمد شہزاد ترابی قادری



زاویہ پبلشرز

( 8-C [illegible] )

فون 042-7248657

موبائل: 0300-9467047 - 0300-4505456

Email zaviapublishers@yahoo.com

2010ء

بار اول.............................1000

ہدیہ..................................100

زیر اہتمام......نجابت علی تارڑ

**﴿لیگل ایڈوائزرز﴾**

رائے صلاح الدین کھرل ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-7842176

محمد کامران حسن بھٹہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-8800339

**﴿ملنے کے پتے﴾**

اسلامک بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی 051-5530111

احمد بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی 051-5558320

کتاب گھر، کمیٹی چوک، راولپنڈی 051-5552929

مکتبہ بابا فرید، چوک چٹی قبر، پاکپتن شریف 0301-7241723

مکتبہ قادریہ، پرانی سبزی منڈی، کراچی 0213-4944672

مکتبہ برکات المدینہ، بہادر آباد، کراچی 0213-4219324

مکتبہ رضویہ، آرام باغ، کراچی 0213-2216464

مکتبہ ضیائیہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ، راولپنڈی 051-5534669

مکتبہ سخی سلطان، حیدر آباد 0321-3025510

مکتبہ قادریہ، سرکلر روڈ، گوجرانوالہ 055-4237699

علامہ فضل حق پبلیکیشنز، دربار مارکیٹ، لاہور 0300-4798782

کتب خانہ حاجی مشتاق احمد، بوہڑ گیٹ، ملتان 061-4545486

چنانچہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں:

قرآن مجید کی آیت ہے کہ رسول کا پکارنا اپنے میں ایسا نہ ٹھہرا لو جیسے ایک دوسرے کو پکارتے ہو اب ایک دوسرے میں باپ اور مولا اور بادشاہ سب آ گئے۔ اسی لئے علماء فرماتے ہیں امام پاک سے کر ندا کرنا حرام ہے۔ اگر روایت میں مثلاً یا محمد ﷺ آیا ہو تو اس کی جگہ بھی یا رسول اللہ ﷺ کہے۔ اس مسئلہ کا بیان امام اہلسنت علیہ الرحمہ کا رسالہ "تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین" میں دیکھئے

(فتاویٰ رضویہ جدید جلد 15 ص 171 'مطبوعہ جامعہ نظامیہ لاہور)

## مرد کا بال بڑھانا

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ سے پوچھا گیا کہ اکثر بال بڑھانے والے لوگ حضرت گیسو دراز کو دلیل لاتے ہیں۔

آپ نے جواباً ارشاد فرمایا کہ جہالت ہے۔ حضور ﷺ نے بکثرت احادیث صحیحہ میں ان مردوں پر لعنت فرمائی ہے جو عورتوں سے مشابہت پیدا کریں اور عورتوں پر جو مردوں سے (صحیح بخاری' کتاب اللباس حدیث 5885 ص 4)

اور تشبہ کے لئے ہر بات میں پوری وضع بنانا ضروری نہیں (صرف) ایک ہی بات میں مشابہت کافی ہے (ملفوظات شریف ص 297 'مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی)



## مرد کو چوٹی رکھنا حرام ہے

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ سے پوچھا گیا کہ مرد کو چوٹی رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ بعض فقیر رکھتے ہیں۔

آپ نے جواباً ارشاد فرمایا کہ حرام ہے۔ حدیث شریف میں فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے ایسے مردوں پر جو عورتوں سے مشابہت رکھیں اور ایسی عورتوں پر جو مردوں سے مشابہت پیدا کریں (مسند احمد بن حنبل' حدیث 3151' جلد اول ص 727)

(ملفوظات شریف ص 281 'مطبوعہ مکتبۃ المدینہ' کراچی)

## اللہ تعالیٰ کو عاشق اور حضور ﷺ کو معشوق کہنا ناجائز ہے؟

سوال: اللہ تعالیٰ کو عاشق اور حضور ﷺ کو اس کا معشوق کہنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں ناجائز ہے کہ معنی عشق اللہ تعالیٰ کے حق میں محال قطعی ہیں اور ایسا لفظ بے ورود ثبوت شرعی اللہ تعالیٰ کی شان میں بولنا ممنوع قطعی (فتاویٰ رضویہ جدید جلد 21 ص 114 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

## مدینہ طیبہ کو یثرب کہنا ناجائز و گناہ ہے

سوال: کیا حکم شرع شریف کا اس بارے میں کہ مدینہ شریف کو "یثرب" کہنا جائز